DAILY DUNYA ISLAMABAD www.dunya.com.pk

بانی ایڈیٹر انچیف میاں عامر محمود

روزنامہ دنیا اسلام آباد

SATURDAY, AUGUST 5, 2023

جلد نمبر 29 | ہفتہ 17 محرم الحرام 1445ھ 5 اگست 2023ء 21 ساون 2080 ب | شمارہ 151

فون نمبر: 051-2891830 فیکس نمبر 051-2891814 | صفحات 10 قیمت 30 روپے

ہمارے فیصلوں پر عملدرآمد میں کوتاہی برداشت نہیں، وفاقی محتسب

رواں سال وفاقی اداروں کیخلاف شکایات 1 لاکھ 90 ہزار سے بڑھ سکتی ہیں

غریب کے جائز مسائل حل کرنا ذمہ داری، محکمے موثر نظام بنائیں، اعجاز قریشی

اسلام آباد (نامہ نگار) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے کہا ہے کہ سال 2023 میں وفاقی سرکاری اداروں کے خلاف شکایات کی تعداد ایک لاکھ نوے ہزار سے بڑھ جانے کا امکان (باقی صفحہ 5 نمبر 5)

بقیہ نمبر 5

وفاقی محتسب

ہے، ہمارے افسران دور دراز علاقوں میں جا کر عوام کو مفت ریلیف دے رہے ہیں۔ وفاقی محتسب کے فیصلوں پر عملدرآمد میں کوتاہی اور تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی، ہم سب پبلک سرونٹ ہیں، غریب آدمی کے جائز مسائل حل کرنا ہمارا فرض ہے اس کے لئے محکموں کو موثر نظام وضع کرنے کی ضرورت ہے۔ وفاقی محتسب نے ان خیالات کا اظہار گزشتہ روز پشاور میں وفاقی سرکاری اداروں کے صوبائی سربراہان کے ساتھ ایک اجلاس کے دوران کیا۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی محتسب میں شکایات کی تعداد ہر سال مسلسل بڑھ رہی ہے، جو وفاقی محتسب پر عوام الناس کے اعتماد کا مظہر ہے۔ سال 2021ء میں یہ تعداد ایک لاکھ دس ہزار تھی جو سال 2022ء میں بڑھ کر ایک لاکھ 64 ہزار ہو گئی۔ اس سال اندازہ ہے کہ شکایات کی تعداد ایک لاکھ 90 ہزار سے تجاوز کر جائے گی۔ انہوں نے سرکاری افسران کو ہدایت کی کہ وفاقی محتسب کے فیصلوں پر عملدرآمد کو یقینی بنانے کے لئے ایسے افسران کو سماعت کے لئے بھیجا جائے جو فیصلہ کرنے کے مجاز ہوں۔